36829-حائضہ عورت کے لیے دعا کرنا اور قرآن پڑھنا جائز ہے

سوال

کیا عورت کے لیے میدان عرفات میں ایسی دعائیں پڑھنی جائز ہیں جن میں قرآنی آیات بھی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

حائضہ اورنفاس والی عورت کے لیے مناسک حج میں پائی جانے والی دعائیں پڑھنے میں کوئی حرج نہیں ، اور صحیح قول کے مطابق قرآن مجید کی تلاوت میں بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ ایسی کوئی صریح اورواضح نص اور دلیل نہیں ملتی جس میں حائضہ اورنفاس والی عورت کوقرآن مجید کی تلاوت سے منع کیا گیا ہو، بلکہ حدیث میں خاص کر جنبی کے بارہ میں وارد ہے کہ وہ جنبی حالت میں قرآن مجید کی تلاوت نہ کرے ۔

لیکن حائضہ اورنفاس والی عورتوں کے بارہ میں جوعبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہما میں وارد ہے کہ :

حائضہ اورنفاس والی عورت کچھ نہ پڑھے ۔

یہ حدیث ضعیف ہے ، بلکہ حائضہ اورنفاس والی عورت قرآن مجید کوچھوئے بغیر زبانی قرآن مجید کی تلاوت کرسکتی ہے ، توپھر صحیح یہی ہے کہ احادیث اورقرآنی دعاؤں والی کتب توبالاولی پڑھ سکتی ہے ، اورعلماء کرام کے اقوال میں سے صحیح قول یہی ہے ۔ اھـ.